رسائی کے لیے جو حضور ﷺ کی توجہ تھی اس کو بیان کیا گویا یہ اشعار ان آیات کے متقارب [1] المعنی ہیں یہ تمام تر تقریر بطور تمہید کے تھی اور اس تقریر سے مقصود مجھ کو شہادت کا زائل کرنا تھا کہ جو ہم لوگوں کی نسبت ہیں ورنہ اصل مقصود یہ تھا کہ اس نعمت عظیمہ پر فرحت مامور [2] بہا کا طریقہ بیان کیا جاوے اور اس میں جو لوگوں نے افراط [3] تفریط کی ہے ان کی اصلاح کی جاوے اور مخالفین کے دلائل کا جواب دیا جاوے لیکن تمہید ہی میں بہت تطویل [4] ہوگئی لیکن کچھ حرج نہیں اس لیے کہ بہت سے فوائد اس سے معلوم ہوگئے (یہاں پہنچ کر نماز عصر کے لیے اٹھے پھر بعد نماز آگے بیان ہوا)۔

اب میں مقصود شروع کرتا ہوں تقریر سابق سے یہ تو معلوم ہوگیا ہے کہ حضور ﷺ کے وجود باوجود پر فرحت مامور [5] بہا ہے اب یہ سمجھنا چاہیے کہ اس فرحت کا طریقہ صحیحہ مقبولہ کونسا ہے سو اس کے طریقے دو ہیں ایک تو وہ طریقہ جس پر خود جناب رسول اللہ ﷺ نے عمل فرمایا ہو اس لیے کہ جیسا امت پر اس آیت کا امتثال [6] واجب ہے حضور ﷺ پر بھی واجب ہے جیسا نبی کو نبی ماننا فی البدیہ [7] جس طرح امت کے ذمہ ضروری ہے اسی طرح بلا فرق اس نبی کو بھی اپنی نبوة کا اعتقاد فرض ہے اس لیے یہ بات دیکھنا ضروری ہے کہ حضور ﷺ نے اس فرحت کو کس طریق سے ظاہر فرمایا ہے۔

اور دوسرا طریقہ وہ ہے جو حضور ﷺ سے کلیاً یا جزئیاً منقول نہ ہو بلکہ کسی نے ایجاد کیا ہو جس طرح سے آجکل بہت سے محبت کا دم بھرنے والے لوگ مجالس

---

(۱) ان آیات کے معنی کے قریب تر ہیں (۲) ایسی خوشی جس کے منانے کا حکم دیا گیا ہے اس کا طریقہ (۳) کمی زیادتی (۴) تمہید بہت لمبی ہوگئی (۵) حضور ﷺ کی پیدائش پر خوشی منانے کا حکم ہے (۶) جیسے امت کے لیے اس آیت کے حکم پر عمل کرنا واجب ہے کہ خوشی منائے حضور ﷺ پر بھی واجب ہے کہ آپ اپنی ولادت پر خوشی منائیں (۷) بلاتامل

www.ahnafmedia.com

## شبہ کا جواب

شاید کوئی اس میں شبہ کرے کہ حضور ﷺ کی قبر پر تو سب جمع ہوتے ہیں جواب یہ ہے کہ جانا تو جائز ہے لیکن عید کے طرز پر جمع ہونا منہی عنہ[1] ہے۔ مطلب یہ ہے کہ عید میں جیسے جمع ہوتے ہیں اس طرح میری قبر پر جمع مت ہو اور عید میں اس طرح جمع ہوتے ہیں کہ اس کی تاریخ معین ہوتی ہے اور نیز اس میں تداعی یعنی اس کا ایک اہتمام ہوتا ہے کہ ایک دوسرے کو وہاں جمع ہونے کے لیے بلاتا ہے پس اس طرح جمع ہونے کی ممانعت ہے، اور اتفاقی اجتماع سے ممانعت نہیں ہے چنانچہ روضہ اقدس ﷺ کی زیارت کے لیے جو جاتے ہیں تو اس میں یہ دونوں امر نہیں ہیں اس کی کوئی تاریخ خاص معین نہیں ہے بلکہ آگے پیچھے کیف ما اتفق[2] قافلے جاتے ہیں اور زیارت کر کے چلے آتے ہیں اور نہ کچھ اہتمام ہے کہ سب کا اجتماع ضروری سمجھا جاتا ہو بہر حال اس حدیث سے صراحۃً ثابت ہوتا ہے کہ قبر شریف پر بطور عید کے جمع ہونا ناجائز ہے پس جس طرح عید مکانی ممنوع عنہ[3] ہے اسی طرح عید زمانی[4] بھی منہی عنہ ہوگی اب رہ گئی یہ بات کہ اس کے بعد "صلوا علی فان صلاتکم تبلغنی حیث کنتم" (مجھ پر درود بھیجو اس لیے تمہارا درود جہاں بھی تم ہو مجھ پر پہنچے گا) بڑھانے سے تو اجتماع کا عدم جواز بھی مفہوم ہوتا ہے جیسا علت فان صلوتکم ظاہراً اس پر دال ہے سو شراح نے مختلف توجیہات اس کی کی ہیں میرے ذہن میں سب سے اقرب توجیہ اس کی یہ آتی ہے کہ اس سے مقصود یہ ہے کہ اس نہی لاتجعلوا میں اہل بدعات یہ عذر کر سکتے تھے کہ ہم تو صلوۃ یعنی درود شریف پڑھنے کے لیے حضور ﷺ کے روضہ

---

(۱) ممنوع ہے (۲) جیسے جس کو اتفاق ہو (۳) مکان کو عید بنانا یعنی قبر مبارک

(۴) زمانے کو عید بنانا یعنی ربیع الاول کو یہ بھی ممنوع ہے

www.ahnafmedia.com

